© rasailojaraid.com

آئندہ ایڈیشن میں امید ہے ابواب بھی بیان کر دیئے جائیں گے بہرحال ان کمزوریوں کے باوصف، زیر تبصرہ کتاب نظر انداز ہو سکتی ہے۔

کتاب کا ٹائٹل دلکش، جلد بندی مضبوط، طباعت اور کاغذ اعلیٰ درجہ کا ہے۔

**بیٹی کے حقوق**، مؤلف: سید فاروق حسین، ناشر: دار الکتاب مارکیٹ، غزنی اسٹریٹ، اردو بازار لاہور، صفحات: ۸۸۔

ایک بیٹی کو اسلامی معاشرے میں کیا حیثیت ملنی چاہیے؟ اسلام نے نکاح، وراثت، تعلیم و تربیت الغرض زندگی کے ہر شعبہ میں بیٹی کے حقوق واضح کر دیئے ہیں اور معاشرے میں اس کی حیثیت متعین کر دی ہے۔ موجودہ معاشرے میں مذہب کی خود ساختہ روایت کے تحت بیٹی کو حق وراثت، تعلیم و تربیت اور دوسرے حقوق سے جس طرح محروم رکھا جاتا ہے اس پر احادیث میں سخت وعیدیں وارد ہوئی ہیں۔ زیر تبصرہ کتابچہ میں مولف نے ان حقوق پر تفصیلی روشنی ڈالی ہے۔ بیٹی کے حوالے سے باپ پر جو حقوق عائد ہیں مولف نے قرآن و حدیث کی روشنی میں ایسے حقوق کی وضاحت تفصیل سے تحریر کی ہے اور مستند حوالہ جات کے ساتھ ہر مسئلہ کے تحت چاروں مذاہب کا نقطۂ نظر بھی ذکر کیا ہے۔ اسلامی معاشرے میں عورت کے مقام اور اہمیت کو مولف نے مدلل اور جاندار اسلوب میں اجاگر کرنے کی کوشش کی ہے۔

**انسانیت کی صرف دو نسبتیں**، مؤلف: مولانا فضل الرحمٰن رشیدی، ناشر: دار الکتاب مارکیٹ، غزنی اسٹریٹ، اردو بازار لاہور، صفحات: ۹۷۔

زیرِ نظر رسالہ رائے ونڈ کے سالانہ تبلیغی اجتماع میں مولانا احمد لاڈ کے ایک خطاب پر مشتمل ہے۔ اسے کیسٹ سے کاغذ پر منتقل اور مرتب کرنے کا کام مولانا فضل الرحمٰن رشیدی نے کیا ہے۔ اس تقریر میں مولانا احمد لاڈ نے بندگی اور عبدیت کا صحیح مفہوم بیان کیا ہے۔

**انعامات منعم لطالبات مسلم**، مؤلف: مولانا محبوب احمد، ناشر: عبدالمقیت، دار الافتاء جامع مسجد نور، کراچی، سائز: ۲۰×۳۰=۸، صفحات: ۱۱۸۸، رعایتی قیمت: ۲۰۰ روپے۔

احادیث کی صحت اور جامعیت کے لحاظ سے امام بخاری رحمہ اللہ کی صحیح بخاری کے بعد امام مسلم رحمہ اللہ کی صحیح مسلم کو صحاح ستہ میں جو مقام حاصل ہے وہ اہل علم سے مخفی نہیں۔ صحیح مسلم کی عربی زبان میں اب تک کئی شروح مطبوع اور متداول ہیں، لیکن اردو زبان میں اب تک اس کی مکمل اور جامع شرح کی کمی شدت سے محسوس ہو رہی ہے۔ وفاق المدارس العربیہ پاکستان سے ملحق مدارسِ بنات کے تحت، صحیح مسلم کے اہم منتخب ابواب نصاب میں شامل ہیں، زیر نظر کتاب میں مولف نے ان ابواب کے تحت منقول تمام روایات کی سند و متن پر اعراب لگا کر، ان کا ترجمہ، مشکل الفاظ اور جملوں کی تشریح اور اختلافی مسائل میں مذاہب کی تفصیل کی ہے اور احادیث میں وارد صحابہ کرام کے مختصر حالات بھی تحریر کیے ہیں۔ ابتداء میں مولف نے امام مسلم رحمہ اللہ کے مفصل حالات زندگی، صحاح ستہ میں صحیح مسلم کے مقام و مرتبہ اور



© rasailojaraid.com